STATSMINISTERENS KONTOR

# پریس ریلیز

## حکومت مزید نرمی کر رہی ہے

**حکومت معاشرے کو دوبارہ کھولنا جاری رکھتی ہے اور نرمی کے منصوبے کے تیسرے مرحلے کی طرف بڑھتی ہے ۔ اب یہ ممکن ہو جائے گا کہ مزید افراد گھر پر ملاقات کے لیے آ سکیں گے ، تقریبات میں زیادہ لوگ شامل ہو سکیں گے اور ہوم آفس / گھر سے کام کرنے کی ضرورت کم ہوگی ۔ بچے اور نوجوان 1 میٹر کا فاصلہ رکھنے کی ضرورت کے بغیر علاقوں اور حلقوں میں کھیلوں اور ثقافتی تقریبات میں شرکت کرسکتے ہیں۔**

نئی سفارشات کا اطلاق فوری طور پر ہوتا ہے جبکہ ریگولیٹری تبدیلیاں اتوار 20 جون 1200 بجے سے لاگو ہوں گی۔

– انفیکشن کی شرح کم ہو رہی ہے، اسپتالوں میں داخلوں کی تعداد کم ہو رہی ہے اور 18 سال سے زائد عمر کی تقریبا نصف آبادی کو کم از کم ایک ویکسین کی خوراک لگ چکی ہے۔ وزیر اعظم ایرنا سولبرگ نے کہا کہ ناروے صحیح راستے پر گامزن ہے اور ہم دوبارہ کھولنے کے تیسرے مرحلے پر جانے کے لیے تیار ہیں۔

تیسرے مرحلے میں جانے کا فیصلہ ڈائریکٹوریٹ برائے صحت اور محکمہ برائے صحت عامہ کی سفارشات پر مبنی ہے۔ مقامی قواعد کے ساتھ مقامی طور پر پھیلنے والی وبا کے خلاف کارروائی کرنے کی اب بھی ضرورت ہوسکتی ہے۔

- ہمیں اب بھی محتاط رہنا ہوگا۔ دنیا کے بہت سے حصوں میں اب بھی انفیکشن کی صورتحال غیر متوقع ہے اور غیر یقینی صورتحال تغیرات سے وابستہ ہے۔ لہذا ہمیں ناروے میں داخل ہوتے وقت خصوصی احتیاط اور پابندیاں جاری رکھنی چاہئیں۔ سولبرگ اس بات پر زور دیتی ہیں کہ ناروے میں اندرون ملک نرمی کا انحصار اس بات پر ہے کہ ہم سرحد کھولنے میں تھوڑا انتظار کریں ۔

### اسکول اور بارنے ہاگے

- ہم نے پوری وبا کے دوران بچوں اور نوجوانوں کو ترجیح دی ہے۔ وزیر تعلیم و انضمام گوری میلبی کا کہنا ہے کہ بچوں اور نوجوانوں پر بڑوں کے مقابلے اس مرحلے میں کم سخت اقدامات لاگو کئے گئے ہیں ۔

اب بھی مقامی حکام نے فیصلہ کرنا ہے کہ بارنے ہاگے اور اسکولوں میں کس سطح کے اقدامات ہونے چاہئے۔

مواصلات کا سربراہ
این کرسٹن ہیوکس
دفتر: 22 24 40 72
موبائل: 99 21 46 10

سیکرٹری
رونے آلسٹادیسٹر
دفتر: 22 24 48 40
موبائل: 91 55 84 19

ابلاغی صیغہ
فون: +47 22 24 40 07

دفتر کا پتہ
گلیسیگٹا 1
اوسلو

Regjeringen.no
ٹویٹر
فیس بک
فلکر

ڈاک پتہ
میل باکس. 8001 ڈی
ای پی
0030 اوسلو

- اسکولوں اور بارنے ہاگے کو چھٹیوں کے بعد سبز سطح کے لئے منصوبہ بندی کرنی چاہیئے، جب تک کہ مقامی انفیکشن کی صورتحال اس کے حق میں ہوں - مجھے پختہ یقین ہے کہ زیادہ تر اسکول اور بارنے ہاگے موسم خزاں میں سبز سطح اور عام حالات میں شروع ہوں گے- میلبی کا کہنا ہے کہ یونیورسٹیوں، یونیورسٹی کالجوں اور پیشہ ورانہ اسکولوں کو بھی خزاں میں سمسٹر کے آغاز پر حاضری کے ساتھ تدریس کے منصوبے بنانے چاہیئے-

انھوں نے کہا کہ ہم تمام علاقوں اور حلقوں میں شرکت کے لئے بھی اجازت دیتے ہیں اور اس طرح ملک کے مختلف حصوں سے تعلق رکھنے والے بچوں کو اکٹھا کرنے والے مقابلے اور کانفرنسیں شامل ہیں- لیکن یاد رکھیں کہ بالغ، بچے اور چھوٹے بہن بھائی سب ان تقریبات میں تعداد کی حد میں شمار ہوتے ہیں جہاں 20 سال سے کم عمر کے بچے اور نوجوان کھلاڑی شامل ہوتے ہیں ، وزیر تعلیم اور انضمام کہتی ہیں -

## موسم گرما کیمپ کے لئے اجازت

آج سے بہت سے بچے اور نوجوان گرمیوں کی چھٹیاں شروع کر رہے ہیں -

- میرے خیال میں بچے اور بالغ دونوں سوچ رہے ہیں کہ اس سال کا موسم گرما کیمپ کیسا ہوگا- مجھے خوشی ہے کہ اس سال موسم گرما کے کیمپوں، سرگرمی کیمپوں اور دیگر تفریحی سہولیات کا انعقاد ممکن ہو سکے گا- اس کا مطلب یہ ہے کہ ہزاروں بچوں اور نوجوانوں کے لئے کیمپ کا ماحول اور زندگی کی خوشگوار یادیں میسر ہوگی ،بچوں اور خاندانی امور کے وزیر شیل انگولف روپسٹیڈ کہتے ہیں-

اگرچہ چھٹیوں میں بیرون ملک کا سفر کرنا ممکن ہے لیکن اس پر پابندیاں اور پیچیدہ قوانین لاگو ہوں گے -

- بیرون ملک سفر کرنا تھکا دینے والا ہوسکتا ہے اور ناروے میں داخل ہونے کے لئے طویل انتظار کرنا پڑ سکتا ہے- لہذا حکومت کی سفارش یہ ہے کہ ناروے اندرون ملک چھٹیاں منانے کی کوشش کی جائے- روپسٹیڈ کا کہنا ہے کہ یہ سب سے محفوظ اور سب سے زیادہ قابل اعتبار ہے-

## تعریفیں/ وضاحتیں

### مکمل طور پر ویکسین شدہ:

- ویکسین کی دو خوراکیں لگ چکی ہیں ، اور آپ کو آخری خوراک لگے ہوئے ایک ہفتے سے زیادہ ہو گیا ہے.
- کوویڈ-19 گزار چکے ہیں اور ایک ہفتہ قبل کورونا ویکسین کی ایک خوراک لگ چکی ہے - آپ مثبت ٹیسٹ کے تین ہفتوں بعد تک ویکسین کی خوراک حاصل نہیں کرسکتے -
- مثبت ٹیسٹ کے تین ہفتوں بعد ویکسین کی ایک خوراک لگ چکی ہے - آئسولیشن مکمل کرنے کے بعد آپ طور پر ویکسین شدہ ہیں -

### تحفظ یافتہ:

- مکمل طور پر ویکسین لگ چکی ہے.
- ویکسین کی ایک خوراک لگ چکی ہے ، اور ویکسین لگنے کے بعد 3 سے 15 ہفتے ہو گئے ہیں.

- گزشتہ چھ ماہ میں کوویڈ-19 بیماری گزار چکے ہیں ۔

## یہ وہ قومی اقدامات ہیں جو مرحلہ 3 میں لاگو ہوتے ہیں۔

### پورے ملک کے لئے سفارشات

1 میٹر فاصلہ رکھیں۔ ہاتھ صاف رکھیں. اگر آپ بیمار ہیں تو گھر رہیں۔

### سماجی رابطہ

- 20 سے زیادہ مہمانوں کو مدعو نہ کریں۔ (نیا)
- بارنے ہاگے اور پرائمری اسکولوں کے بچے اپنے گروہ سے ملاقات کر سکتے ہیں چاہے یہ مہمانوں کی سفارش کردہ تعداد سے زیادہ ہی کیوں نہ ہو۔
- تحفظ یافتہ (تعریف سے مربوط) تعداد کی حد میں شامل نہیں ہے۔
- فاصلے کے بارے میں مشورہ اب بھی لاگو ہوتا ہے، لیکن محفوظ افراد کا دیگر محفوظ اور غیر محفوظ افراد کے ساتھ قریبی سماجی رابطہ (ایک میٹر سے بھی کم) ہوسکتا ہے جن کو خطرہ نہیں ہے۔
- بیرون خانہ ملاقات کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔

### سفر

- اندرون ملک سفر کیا جا سکتا ہے۔
- وہ افراد جو محفوظ نہیں ہیں (تعریف سے مربوط) اور جو کم سخت اقدامات والی بلدیات کا سفر کرتے ہیں انہیں ان سفارشات پر عمل کرنا چاہئے جو بلدیہ میں لاگو ہوتی ہیں جہاں وہ سفر سے پہلے کے وقت میں رہے ہیں۔
- وہ افراد جو تحفظ یافتہ نہیں ہیں ان کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ محتاط رہیں اور اپنے سفر کی منصوبہ بندی کریں تاکہ زیادہ سے زیادہ جگہوں کے درمیان انفیکشن کے پھیلاؤ سے بچا جاسکے۔ یہ خاص طور پر انفیکشن کے زیادہ دباؤ والے علاقوں سے سفر کرنے والے افراد کے لئے اہم ہے، یعنی ان بلدیات سے جن کے پاس کوویڈ-19 ضوابط یا اسی طرح کے مقامی ضوابط کے باب 5 اے سے 5 سی تک سخت مقامی اقدامات کو ریگولیٹ کیا گیا ہے۔

### اسکول اور بارنے ہاگے

بارنے ہاگے اور اسکول انفرادی بلدیہ کے مقامی تشخیصات کے مطابق سبز، پیلے یا سرخ ایکشن کی سطح کے ٹریفک لائٹ ماڈل کی پیروی کرتے ہیں اور انفیکشن کی صورتحال میں تبدیلیوں کی روشنی میں کارروائی کی سطح کو تبدیل کرنے کے لئے تیار ہیں۔

### اعلیٰ تعلیم

- زیادہ جسمانی تدریس اور باقاعدگی سے جانچ کا جائزہ لیں۔

- انفیکشن ٹریکنگ کو آسان بنانے کے لئے نشست کا مقام اور حاضری کو ریکارڈ کریں ۔

## پیشہ ورانہ زندگی

- ملازمتی جگہ پر حاضری میں اضافہ۔ (نیا)
- جزوی ہوم آفس اور/ یا کام کے لچکدار اوقات۔
- آجر اندازہ لگائے گا کہ آیا انفیکشن کے مقامی خطرے کی روشنی میں ہوم آفس ضروری ہے یا نہیں۔ (نیا)
- عام انفیکشن کنٹرول اقدامات.
- ہر ایک کے لئے 1 میٹر کا فاصلہ رکھنا ممکن ہونا چاہیئے۔
- جن لوگوں کو تحفظ حاصل ہے انہیں کام کی جگہ پر دوسروں سے فاصلہ رکھنے کی ضرورت نہیں ہے، لیکن خطرے کے گروپوں میں غیر محفوظ افراد پر خصوصی توجہ دینی چاہیئے۔ (نیا)

## تقریبات (نجی اور عوامی)

اندرون خانہ کے بجائے باہر تقریبات منعقد کرنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔

وہ افراد جو محفوظ نہیں ہیں اور جو زیادہ انفیکشن دباؤ والے علاقوں سے آتے ہیں انہیں دیگر بلدیات میں تقریبات میں شامل نہیں ہونا چاہیئے۔ ہائی انفیکشن پریشر کا مطلب یہ ہے کہ بلدیات کے پاس کوویڈ-19 ضوابط کے باب 5 اے سے 5 سی یا متعلقہ مقامی ضوابط میں سخت مقامی اقدامات کو ریگولیٹ کیا گیا ہے۔

## کھیل، ثقافت اور تفریحی سرگرمیاں

- اندرون خانہ کے بجائے بیرونی سرگرمی کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔
- باہر اور گھر کے اندر دونوں جگہ 1 میٹر فاصلے کی سفارش سے استثنیٰ جہاں سرگرمی کی مشق کرنے کے لئے ضروری ہے۔ یہ بالغوں کے لئے رابطی کھیلوں میں تربیت کی اجازت دیتا ہے۔ (نیا)
- بالغوں کے لئے، گروپ سائز اندرون خانہ 30 افراد اور باہر 40 افراد تک ہونے کی سفارش کی جاتی ہے۔ (نیا)

## موسم گرما اور تفریحی سرگرمی کیمپ (نیا)

- موسم گرما کے کیمپوں، تفریحی سرگرمی کیمپوں اور دیگر تفریحی سہولیات میں شرکاء کی تعداد، جو بہت سے لوگوں کو اکٹھا کرتی ہے اور کئی دنوں تک جاری رہتی ہے، 300 تک محدود کرنے کی سفارش کی جاتی ہے اور یہ سفارش کی جاتی ہے کہ شرکاء کو تقریباً 40 افراد کے گروپوں میں تقسیم کیا جائے۔
- 1 میٹر کا فاصلہ رکھنا کوئی ضرورت نہیں ہے، لیکن فاصلے اور ہاتھ کی اچھی حفظان صحت کے بارے میں عمومی سفارشات کا اطلاق کیمپوں میں بھی ہوتا ہے، بالغوں اور بچوں دونوں کے لئے۔
- جب کیمپ میں ایسی سرگرمیاں ہوتی ہیں جو 1 میٹر سے زیادہ قریب ہوئے بغیر نہیں کی جا سکتیں تو فاصلہ رکھنے کی سفارش کا اطلاق نہیں ہوتا۔

## اعلی سطح کے کھیل

اعلی سطح کے کھیلوں کی معمول کے مطابق مشق کی جاسکتی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ باقاعدہ سلسلہ وار مقابلے اندرون خانہ اور بیرون خانہ کیے جا سکتے ہیں ۔ (نیا)

## پورے ملک کے لئے قواعد

### ٹریڈ انڈسٹری

کوویڈ-19 ضوابط کے مطابق انفیکشن کنٹرول مناسب آپریشن کے ضابطے کے ساتھ کھولے جا سکتے ہیں ، جیسے کم از کم 1 میٹر فاصلے کو آسان بنانا اور اچھی حفظان صحت کے لئے معمولات رکھنا۔ انفیکشن کنٹرول کی پیمائش اپنے صنعتی معیار کے مطابق

تجارتی میلوں اور عارضی منڈیوں کو اسی طرح منظم کیا جائے گا جس طرح تجارتی صنعت کو منظم کیا جاتا ہے۔

### کھیل، ثقافت اور تفریحی سرگرمیاں

- 20 سال سے کم عمر کے بچے اور نوجوان 1 میٹر کا فاصلہ رکھنے کی ضرورت کے بغیر اندرون خانہ اور بیرون خانہ ، علاقوں/ حلقوں (قومی سطح پر) میں کھیلوں کے مقابلوں یا مقابلوں میں بطور کھلاڑی شرکت کرسکتے ہیں۔ (نیا)
- وسیع تر کھیل میں بالغوں کو علاقوں / حلقوں کے اندر میچوں اور کھیلوں کے مقابلوں میں شرکت کرتے وقت 1 میٹر کے اصول سے مستثنیٰ قرار دیا جائے گا، اس کا اطلاق بغیر اندرون خانہ اور بیرون خانہ دونوں طرح سے ہوتا ہے۔ (نیا)
- بالغ رقاصوں، موسیقاروں اور فنکاروں کو جو پیشہ ور فنکار نہیں ہیں، اندرون خانہ اور بیرون خانہ ثقافتی دونوں تقریبات میں 1 میٹر کے اصول سے مستثنیٰ ہیں، اگر وہ ایک ساتھ تربیت یا ریہرسل کرتے ہیں۔ (نیا)

### تقریبات

#### نجی تقریبات

- عوامی مقامات یا کرائے پر/ ادھار کے احاطے میں 100 افراد تک، اندرون خانہ اور بیرون خانہ ۔ (نیا)

#### عوامی تقریبات (نیا)

| ٹیسٹ یا کورونا سرٹیفکیٹ کے بغیر | اندرون خانہ | بیرون خانہ |
|---|---|---|
| مقررہ نشستیں | 1000 افراد تک (500 x 2 گروپ) | 2000 افراد تک (500 x 4 گروپ) |
| مقررہ نشستوں کے بغیر | 400 افراد تک (200 x 2 گروپ) | 800 افراد تک (200 x 4 گروپ) |
| ٹیسٹ یا کورونا سرٹیفکیٹ کے ساتھ | | |

| | | |
|---|---|---|
| مقررہ نشستیں | 50 فیصد گنجائش, زیادہ سے زیادہ 2500 افراد تک (500 x 5 گروپ) | 50 فیصد گنجائش, زیادہ سے زیادہ 5000 افراد تک (500 x 10 گروپ) |
| مقررہ نشستوں کے بغیر | زیادہ سے زیادہ 1000 افراد تک, 50 فیصد گنجائش (500 x 2 گروپ) | زیادہ سے زیادہ 2000 افراد تک, 50 فیصد گنجائش (500 x 4 گروپ) |

**نائٹ لائف، ریسٹوران اور شراب پیش کرنے کے اجازت نامے کے ساتھ تقریبات**

- 24:00 کے بعد ممانعت ختم کر دیا گیا ہے. (نیا)
- 00:00 کے بعد داخلے پر ممانعت برقرار رکھی جاتی ہے.
- رجسٹریشن کی شرط، شراب کی ٹیبل سروس، مہمانوں کی تعداد میں کمی، تمام مہمانوں کے لئے بیٹھنے اور فاصلہ.